## کوئٹہ میں فائرنگ کے واقعہ میں 10 افراد کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔14 جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں فائرنگ کے واقعہ میں 10 افراد کی ہلاکت پر انکے لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور فائرنگ کے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے۔

## جب سے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت آئی ہے ان صوبوں میں مسلسل آگ اور خون کا کھیل کھیلا جارہا ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق

## متحدہ مجلس عمل کی صوبہ سرحد حکومت کو برطرف کیا جائے، بلوچستان کی مخلوط حکومت سے متحدہ مجلس عمل کو فی الفور نکالا جائے،

## کوئٹہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 10 افراد کی ہلاکت پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔14 جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 10 افراد کی ہلاکت کے واقعہ کی مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ جب سے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت آئی ہے ان صوبوں کا امن مکمل طور پر غارت ہو چکا ہے، قتل وغارتگری، دہشت گردی، بم دھماکے اور خودکش حملے روزمرہ کا معمول بن گئے ہیں اور وہاں مسلسل آگ اور خون کا کھیل کھیلا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم ایم اے کے دورحکومت میں بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ مقتل گاہ بنادیا گیا ہے، سیاحوں کیلئے پرکشش مقام کوئٹہ جہاں ہرسال لاکھوں سیاح آتے تھے وہ آج خوف ودہشت کی علامت بن چکا ہے جہاں کسی شہری کی جان ومال محفوظ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مسلسل واقعات کی وجہ سے کوئٹہ میں سیاحوں کی آمدورفت بند ہوچکی ہے جس کے نتیجے میں وہاں کاروبار تباہ ہوگیا ہے اور کوئٹہ کے شہری معاشی پریشانیوں کا شکار ہیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ کوئٹہ میں مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کے واقعہ نے ایک بار پھر صوبہ بلوچستان کو ہلاکر رکھ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کو آخر کس کی نظر لگ گئی ہے؟ ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ جب سے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں متحدہ مجلس عمل کی حکومتیں قائم ہوئی ہیں اس وقت سے دونوں صوبوں کے عوام کا جینا حرام ہو چکا ہے اور روزمرہ کے دہشت گردی کے واقعات کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ معصوم جانوں کا اتلاف ہورہا ہے بلکہ وہاں روزگار کرنے والوں کا روزگار بری طرح متاثر ہورہا ہے جس کی وجہ سے محنت ومزدوری کرنے والوں کے گھروں میں فاقہ کشی کا دوردورہ ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد کی حکومت کو برطرف کر کے وہاں فوری طور پر گورنر رول لگایا جائے، بلوچستان کی مخلوط حکومت سے متحدہ مجلس عمل کو فی الفور نکالا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## معروف بلڈرز حاجی عبدالرحیم اسماعیل گھیگا کے انتقال پر حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، صوبائی مشیر داخلہ اور سٹی ناظم کراچی نے مرحوم کے گھر جا کر تعزیت کی

کراچی۔۔۔15، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان و وفاقی وصوبائی وزراء بابر خان غوری اور عادل صدیقی، صوبائی مشیر وسیم اختر اور ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے معروف بلڈر حاجی امین پردیسی کے والد حاجی عبدالرحیم اسماعیل گھیگا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کی رہائشگاہ جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کی۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## بغیر نکاح کے پیدا ہونے والی اولاد کے ذمہ داران سے رابطہ کرنا، ان سے بغل گیر ہونا اور انہیں اپنا رفیق بنانا کیا قرآن وسنت اور آئمہ کرامؒ کی تعلیمات کے مطابق جائز ہے؟

## متحدہ علماء ونگ کا متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں، شرعی کورٹ کے جج صاحبان اور مستند علماء مشائخ سے سوال

کراچی۔۔۔15، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے علماء ونگ کے ڈپٹی انچارج مولانا فیروز الدین رحمانی، اراکین مجلس عاملہ علامہ چچا وحید، مولانا ناصر یامین اور مولانا انور رضا نے اپنے ایک بیان میں متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں، شرعی کورٹ کے جج صاحبان اور مستند علماء مشائخ حضرات کو مخاطب کرتے ہوئے سوال کیا ہے کہ حدود اللہ کے شرعی احکامات اور مستند امامین ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام حمبلؒ اور امام جعفر صادقؒ کے نزدیک ایک کلمہ گو مسلمان کا کسی غیر کلمہ گو عورت سے بغیر نکاح کئے ہم بستری یعنی اختلاط کرنا کیا اسلامی تعلیمات اور آئمہ کرام کی تعلیمات کے مطابق درست ہے؟ اور بغیر نکاح ہم بستری یا اختلاط کے عمل کے نتیجے میں پیدا ہونے والی اولاد کے ذمہ داران سے رابطہ کرنا، ان کو اپنی محفلوں میں بلانا، ان سے بغل گیر ہونا، ان کو اپنے درمیان بٹھانا، ان کے ساتھ کھانا پینا اور انہیں اپنا رفیق بنانا کیا قرآن وسنت اور آئمہ کرامؒ کی تعلیمات کے مطابق جائز ہے؟ اور جبکہ بغیر نکاح کے اولاد پیدا کرنے کا ٹھوس ثبوت بھی موجود ہو تو اس صورت میں کیا متحدہ مجلس عمل کے علماء کا ایسے فرد کے ساتھ رابطہ رکھنا اور کھانا پینا جائز ہے؟ متحدہ قومی موومنٹ کے علماء ونگ کے اراکین نے قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان سمیت متحدہ مجلس عمل کے تمام علمائے کرام سے سوال کیا ہے کہ وہ قرآن وسنت اور آئمہ کرام کی تعلیمات کے مطابق ہمارے کئے گئے سوالات کا پاکستان کے تمام مسلمانوں کو خصوصاً اور امت مسلمہ کے تمام مسلمانوں کو عموماً ہمارے سوالات کے جواب دے کر مسلمانوں کی رہنمائی فرمائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام مسلمان متحدہ مجلس عمل کے سربراہ قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان سمیت متحدہ مجلس عمل کے دیگر علماء کے جواب کے منتظر رہیں گے۔

## ضلع اوکاڑہ میں اے پی ایم ایس او کے 29 ویں یوم تاسیس کی تقریب

اوکاڑہ۔۔۔15، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ضلع اوکاڑہ کے زیر اہتمام اے پی ایم ایس او کا 29 واں یوم تاسیس منایا گیا اور جناب الطاف حسین سے تجدید عہد وفا کے ساتھ ساتھ حق پرستی کا پیغام کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ تقریب میں ایم کیو ایم اوکاڑہ کی ضلعی کمیٹی کے انچارج فیاض علی انصاری، جوائنٹ انچارج محمد جبار نمبردار، کمیٹی کے دیگر ارکان، تحصیل کمیٹی اور سٹی کمیٹی کے ارکان اور کارکنان نے شرکت کی۔ تقریب میں خواتین کارکنان بھی موجود تھیں۔ یوم تاسیس کی یہ تقریب فوڈ ویلی ریسٹورنٹ میں منعقد کی گئی جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی ضمانت ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان اوکاڑہ میں حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ آخر میں ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، شہداء کے بلند درجات، حق پرستانہ جدوجہد میں ثابت قدمی اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔

☆☆☆☆☆